شهِ والا نے فرمایا

شهِ والا نے فرمایا — بہن زینب نہ گھبرانا
وفاء ہونے کو هیں وعده — بہن زینب نہ گھبرانا

علي کي تم هو شهزادي

بہادُر کي هو تم بیٹي — نَواسي هو پیمبر کي
خبر جب قتل کي سُننا — بہن زینب نہ گھبرانا

قیامة کي گھڑي هوگي — عجب هوگا وه منظر بهي
فَلَك سے خون برسیگا — بہن زینب نہ گھبرانا

یهي لکها تها قِسمَت میں — کے اٰئے موت غُربَت میں
همارا دیکھ کر لاشه — بہن زینب نہ گھبرانا

بهن هو ايك صابر كي　　مصيبة كي هو تم عادي
هميشه صبر هي كرنا　　بهن زينب نه گهبرانا

تم هي سب كي نِگهبان هو　　بچانا ميرے عابد كو
رداءِ چهينے جب اعداء　　بهن زينب نه گهبرانا

نه قاسم هے نه اكبر هيں　　نه عبّاسِ دِلاور هيں
بهروسا رب پر هي ركهنا　　بهن زينب نه گهبرانا

سكينه رات كو اُٹھ كر　　مجهے ڈهونڈهے اگر رو كر
تو سمجها كر سُولا دينا　　بهن زينب نه گهبرانا

✱✱✱✱✱